# ماڈل پیپر اسلامیات لازمی (نہم)

## (معروضی سوالات)

1۔انما المومنون الذین اذا ذکر اللہ وجلت قلو بھم :اس آیت میں مومنوں کی صفت کا ذکر ہے:

الف)خرچ کرتے ہیں۔

ب)دل میں خوفِ خدا رکھتے ہیں۔

ج)اللہ پر توکل کرتے ہیں۔

د)نماز پڑھتے ہیں۔

2۔سورہ انفال میں اللہ تعالیٰ نے کتنے فرشتوں سے مدد کی بشارت دی؟

الف)1000

ب)2000

ج)3000

د)4000

3۔مالِ غنیمت میں اللہ اور اس کے رسول کے لئے حصہ مقرر ہے:

Result.pk

الف)دوسرا

ب)تیسرا

ج) پانچواں

د) دسواں

4۔ وَيَمْكُرُونَ وَيَمْكُرُ اللَّهُ وَاللَّهُ خَيْرُ الْمَاكِرِينَ ہ اس آیت میں کس واقعہ کی طرف اشارہ ہے:

الف)واقعہ معراج

ب) واقعہ ہجرت

ج) واقعہ افک

د)واقعہ ذات الرقاع

5۔مُردِفین: کا مطلب ہے:

الف)پہلے آنے والے

ب) بعد میں آنے والے

ج) اوپر سے آنے والے

د) لگاتار آنے والے

6۔ أُسَارَی کا معنی ہے:

الف) قیدی

ب) غلام

ج) آزاد

د) قافلہ

7۔ یوم الفرقان سے مراد ہے:

الف) ہجرت کا دن

ب) فتح مکہ کا دن

ج) غزوہ بدر کا دن

د) صلح حدیبیہ کا دن

8۔ حدیث کی رُو سے افضل دعا ہے:

الف) الاستغفار

ب) تہلیل

ج) تسبیح

د) تکبیر

Result.pk

9۔ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ۃ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم ﷺ کو ہدایت کی ہے:

الف) ہجرت کرنے کی

ب) صاف ستھرا رہنے کی

ج) ثابت قدم رہنے کی

د) علم حاصل کرنے کی

10۔ آئین پاکستان کی دفعہ 260 کی رو سے ختم نبوت کے منکرین کو دائرہ اسلام سے خارج قرار دے دیا گیا۔

الف) 7 ستمبر 1947

ب) 6 ستمبر 1964

ج) 27 اکتوبر 1971

د) 7 ستمبر 1974

# سیکشن۔ب

کل نمبر 24

**سوال نمبر2:** مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے چھے سوالات کے جوابات دیں۔ ہر سوال کے نمبر برابر ہیں۔

1۔ سورہ انفال کی ابتدائی آیات میں اللہ تعالیٰ نے مومنین کی صفات بیان کی ہیں۔ کوئی سی چار صفات تحریر کریں؟ 4

2۔ انفال کا کیا مطلب ہے؟ سورہ انفال میں اللہ تعالیٰ نے سچے مومنوں سے کون سے تین وعدے فرمائے ہیں؟ 4

3۔ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنْ تَتَّقُوا اللَّهَ يَجْعَلْ لَكُمْ فُرْقَانًا وَيُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ط ۔

آیت کریمہ کا ترجمہ کریں۔ آیت کریمہ میں تقویٰ اختیار کرنے پر جن انعامات کا ذکر ہے ان میں سے کوئی سے دو تحریر کریں۔ 4

4۔ اِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَهَاجَرُوا وَجَاهَدُوا بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنْفُسِهِمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَالَّذِينَ آوَوْا وَنَصَرُوا أُولَئِكَ

بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ۔اس آیت کی روشنی میں کن چار باتوں کی وجہ سے مومن ایک دوسرے کے رفیق ہیں؟ 4

5۔ کلکم راعٍ و کلکم مسئول عن رعیتہٖ۔ ترجمہ کریں۔ 4

گھر کے سربراہ کی دو ذمہ داریاں لکھیں۔

6۔ وَأَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتَابِ وَمُهَيْمِنًا

عَلَيْهِ۔آیت کے اس حصے کا ترجمہ لکھیں۔ اور "مُهَيْمِنًا" کا مفہوم تحریر کریں۔ 4

Result.pk

7۔ إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ ۔اس آیت کا ترجمہ لکھیں؟ 4

قرآن مجید کی حفاظت کون کر رہا ہے۔ اور کیوں؟

8۔ غسل کا مسنون طریقہ تحریر کریں؟ 4

# سیکشن۔ج

کل نمبر 16

نوٹ: کوئی سے دو سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ ہر سوال کے نمبر برابر ہیں۔

2۔(الف) إِذْ يُغَشِّيكُمُ النُّعَاسَ أَمَنَةً مِنْهُ وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُمْ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً لِيُطَهِّرَكُمْ بِهِ وَيُذْهِبَ عَنْكُمْ رِجْزَ الشَّيْطَانِ وَلِيَرْبِطَ عَلَى قُلُوبِكُمْ وَيُثَبِّتَ بِهِ الْأَقْدَامَ۔

اس آیت میں کس واقعہ کی طرف اشارہ ہے؟ اس آیت کی رُو سے اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں پر کون سے تین احسانات کئے؟ (1+3)

(ب) ختمِ نبوّت سے کیا مراد ہے؟ آئینِ پاکستان کی رُو سے مسلمان کی تعریف کریں۔ (2+2)

3۔(الف) ان اکمل المومنین ایمانا احسنہم خلقا ۔اس حدیث کا ترجمہ لکھیں۔ نبی اکرم ﷺ کے حسنِ اخلاق کا کوئی واقعہ لکھیں۔ (2+2)

(ب)وضو کے فرائض تحریر کریں۔ (1+1+1+1)

4۔(الف)من صلی علی مرۃ فتح اللہ لہ بابا من العافیہ۔حدیث کا ترجمہ اور تشریح لکھیں۔ (2+2)

(ب)نبی اکرم ﷺ کی محبت کے بارے میں کسی ایک آیت کریمہ اور کسی ایک حدیث مبارکہ کا ترجمہ لکھیں۔ (2+2)

Result.pk